10067- مقتدی کا قرآن مجید پکڑنا خلاف سنت ہے

سوال

رمضان المبارک میں نماز تراویح کے دوران مقتدي کا قرآن مجید پکڑکرامام سے قرآن سننے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اس وجہ سے قرآن
مجید اٹھانا کئی ایک وجوہ کی بنا پر سنت کے مخالف ہے :

پہلی وجہ :

اس طرح قیام میں دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ
پر نہیں رکھا جاسکتا.

دوسری وجہ :

ایسا کرنے سے بہت زیادہ حرکت کرنا پڑتی
ہے ،جس کی کوئی ضرورت نہیں، مثلا قرآن مجید کھولنا، بند کرنا، اوراسے بغل کے نیچے
رکھنا.

تیسری وجہ :

حقیقت میں ایسا کرنے سے نمازی اپنے
حرکات میں مشغول ہوجاتا ہے.

چوتھی وجہ :

نماز سجدہ والی جگہ پر نظر نہیں رکھ
سکتا، اکثر علماء کرام کہتے ہیں کہ سجدہ کی جگہ پر نظر رکھنا سنت اورافضل ہے.

پانچویں وجہ :

اگروہ اپنے دل کو نماز میں حاضر نہ
رکھے ہوسکتا وہ یہ بھول جائے کہ وہ نماز ادا کررہا ہے ، لیکن اس کے خلاف اگر اس نے

خشوع وخضوع کے ساتھ اپنا دایاں ہاتھ بائیں پر رکھا ہوا اور اپنا سر سجدے والی جگہ کی طرف جھکا یا ہوا ہو تو اس طرح اسے یہ زیادہ خیال ہو گا کہ وہ نماز میں ہے، اور امام کے پیچھے ہے.